ہجرت کو جانیے اور سمجھئیے!

ہجرت کیا ہے؟

کسی بھی ملک کی اندرونی یا بیرونی سرحدیں پار کر کے اپنی رہائش کے مقام کو تبدیل کر لینا ہجرت کہلاتا ہے۔ ہجرت کام، تعلیم یا رہائش کی غرض سے ارادتاً یا مجبوراً کی جاتی ہے۔

محفوظ ہجرت

کسی بھی ملک کے نافذ قوانین و ضوابط پر عمل پیرا ہوتے ہوئے،تمام قانونی دستاویزات کے ہمراہ منظم طریقے سے کسی ملک میں داخل ہونے یا نکلنے کے عمل کو محفوظ ہجرت کہا جاتا ہے۔ یہ ہجرت کا قانونی طریقہ بھی کہلاتا ہے۔

غیر قانونی ہجرت

بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بغیر دستاویزات کے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی دوسرے ملک کی سرحد میں داخل ہونا، وہاں کی رہائش اختیار کرنا یا اس ملک کو راہ داری کے طور پر استعمال کرنا غیر قانونی ہجرت کہلاتا ہے۔

03041112123 | PAKMRC | @mrc_pak | mrc.pak | 03060191919 | Migrant Resource Centre Pakistan